سوال

(611) نماز کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا قرآن اور احادیث نبوی ﷺ میں نماز کا طریقہ موجود ہے، اگر ہے تو برائے مہربانی قرآن کی آیت مع سورہ نمبر اور حدیث نبوی مع نمبر و حوالہ ارسال کر دیجئے۔ شکریہ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نماز کا مکمل طریقہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے، لیکن نماز کی متعدد جزئیات ہیں، جو متفرق طور پر متعدد احادیث میں موجود ہیں، کسی ایک حدیث میں نماز کا مکمل طریقہ موجود نہیں ہے، لہذا آپ کو ایسی کوئی ایک آیت یا حدیث بتانا تو مشکل ہے، جس میں نماز کی تمام جزئیات کا تذکرہ ہو۔ نماز کے ایک ایک رکن، شرط اور دیگر امور پر تمام محدثین اپنی کتب میں کتاب الصلاۃ لائے ہیں، اور انہوں نے ان ابواب میں نماز کی تمام تفصیلات قرآن وسنت کی روشنی میں بیان فرمائی ہیں۔

آپ نماز کی ان تفصیلات کو براہ راست حدیث کی کتب سے بھی دیکھ سکتے ہیں، اور اگر اردو میں مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تو دو کتب انتہائی مفید ہیں، جن میں نماز کے ہر ہر مسئلہ کو دلیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ بلکہ آپ ان دونوں کتابوں کو ضرور خریدیں، خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی پڑھائیں۔

۱۔ صحیح نماز نبوی، یہ کتاب سید شفیق الرحمن راشدی کی تالیف ہے اور مکتبہ دار السلام نے چھاپی ہے۔

۲۔ نماز نبوی، یہ کتاب مولانا عبد الرحمن عزیز کی تالیف ہے اور دار الاندلس نے چھاپی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1